**D**

SL. No : S

**CCE PR**
**Revised & Unrevised**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 63 ]
Total No. of Questions : 63 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : First Language – URDU

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 25. 06. 2019 ]
[ Date : 25. 06. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ]
[ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ]
[ Max. Marks : 125

**عام ہدایات :**

.1 سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 63 سوالات ہیں۔

.2 اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

.3 معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

.4 بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

.5 جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 15 × 1 = 15

1. کس مقام پر حضورؐ نے صحابہؓ سے خطاب فرمایا ؟

2. بڑی حویلی کے دیوٹ پر ایک دیا کسے قرار دیا گیا ہے ؟

3. مشاعرے میں نظم سنانے کے بعد کنور سنگھ نے جوشؔ سے کیا کہا ؟

4. تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے ؟

5. ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتا تھا ؟

6. پہلے دن مصنف کو لالہ کرپا شنکر جی نے صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟

7. امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟

8. دمِ وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے ؟

9. شاعر نے ''جگنو'' نظم کس عمر میں لکھی ؟

10. حضرت امام حسینؓ کو پیاسا مرنا کیوں گوارا تھا ؟

11. مچھر بلدیہ والوں کو کیا تنبیہہ کرتا ہے ؟

12. حضورؐ نے عورتوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ؟

13. ابتداء میں نسلِ آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟

14. مذہب کی زبان پر کونسا پیغام ہوتا ہے ؟

15. امیر خسرو نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟

درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 12 × 2 = 24

16. دنیا کے کونسے ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟

17. زعفران کے کوئی تین استعمالات لکھئے۔

18. امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا ؟

19. ''جگنو'' نظم میں یتیم بچے کی بے چینی کا اظہار کس طرح کیا گیا ہے ؟

20. حضرت امام حسینؓ امت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے ؟

21. ملک کی سرحدوں میں بڑے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

22. امیر خسرو اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کیوں کہتے تھے ؟

23. شادؔ عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

24. غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

25. ودیا چرن جی کون تھے اور ان کا کارنامہ کیا تھا ؟

26. درخت پھولوں کے گہنے کب پہنتے ہیں ؟

27. ''مچھر کا الٹی میٹم'' نظم میں انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''اس کے کھانے سے کوئی بیماری پاس نہیں پھٹکتی۔''

29. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

30. ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔''

درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کا تعارف لکھئے :

31. (i) آدا جعفری (ii) مولانا ابوالکلام آزاد

کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے :

32. (i) شوق قدوائی (ii) مرزا غالب

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. آغوش میں ساحل کے، کیا لطف سکوں اُس کو
یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے

34. سب کا تو مداوا کر ڈالا ، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

35. یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

36. مصنف صبح جاگنے کے بعد اپنے دل کو کس طرح بہلانے کی کوشش کرتا ہے ؟

37. مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟ اس کی دو قسمیں کونسی ہیں ؟

درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 4 × 4 = 16

38. حجتہ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضورؐ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟

39. جوشؔ کی نظم ''ماتم آزادی'' میں کس پر چوٹیں کی گئی ہیں ؟

**یا**

امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

40. اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد یا نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

41. کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) رشوت (ii) آمدِ بہار

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 10 × 1 = 10

42. صورت کے لحاظ سے جملہ کی دو قسمیں یہ ہیں ؟

A) جملۂ فعلیہ اور جملۂ اسمیہ
B) جملۂ انشائیہ اور جملۂ اسمیہ
C) جملۂ مرکب اور جملۂ فعلیہ
D) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب

43. جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ
کیوں کسی سے گلا کرے کوئی

یہ شعر مقطع کہلاتا ہے کیونکہ

A) یہ غزل کا پسندیدہ شعر ہے۔
B) اس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہیں ہیں۔
C) اس میں شاعر کا تخلص ہے۔
D) یہ مشہور شعر ہے۔

44. ایسا مرکب جملہ جس کے دوسرے حصّہ میں سبب، وجہ اور نتیجہ کا ذکر ہو۔

A) جملۂ سببی
B) جملۂ استدراکی
C) جملۂ تردیدی
D) جملۂ وصلی

45. رباعی کا یہ مصرعہ ردیف اور قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔

A) پہلا
B) دوسرا
C) تیسرا
D) چوتھا

46. بھاگ مسافر میرے وطن سے، میرے چمن سے بھاگ بھیتر بھیتر پھول کھلے ہیں، اندر اندر آگ۔

اس شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے ؟

A) صنعتِ تلمیح
B) صنعتِ تشبیہہ
C) صنعتِ تکرار
D) صنعتِ استعارہ

47. ''حضورؐ نے کبھی کسی سے <u>بدلہ</u> نہیں لیا۔''

اس جملہ میں خط کشیدہ لفظ کا مترادف ہے۔

A) درگذر
B) انتقام
C) تحفہ
D) سہارا

48. مضمون کا دوسرا جُز ہے۔

A) تمہید
B) نفسِ تمہید
C) خاتمہ
D) نفسِ مضمون

49. یہ مفرد لفظ ہے۔

A) سحرخیز B) دل شکنی

C) بیداری D) برسبیل تذکرہ

50. کلام میں کسی واقعہ قصّہ یا روایت کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔

A) صنعتِ طباق B) صنعتِ استعارہ

C) صنعتِ اشارہ D) صنعتِ تلمیح

51. ان میں سابقہ ہے۔

A) بدکار B) یتیم خانہ

C) روشناس D) سوداگر

پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ ہے اُسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لکھئے : 4 × 1 = 4

52. سزا : جزا :: خاص : ..................۔

53. ذریعہ : ذرائع :: حق : ..................۔

54. ہوا ہونا : غائب ہونا :: تاؤ آنا : ..................۔

55. آمدِ بہار : پابند نظم :: سرحدوں کا جال : ..................۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 3 × 2 = 6

56. ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے :

(i) دوا

(ii) منزل

57. درجِ ذیل الفاظ سے قوافی کی جوڑیاں بنایئے :

بھاؤ، پاگل خانہ، تاؤ، مجنونانہ۔

58. ان الفاظ کے معنی لکھئے :

(i) سرخ

(ii) عقیدہ

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

59. جملۂ انشائیہ اور جملۂ خبریہ کی تعریف کیجئے۔ کسی ایک کی مثال دیجئے ؟

60. صنعتِ تشبیہہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

**یا**

صنعتِ تضاد/ طباق کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

## PART-C/حصّہ - ج

61. اپنے صدر مدرس کے نام درخواست لکھئے جس میں نمائش کو منعقد کرنے کی اجازت طلب کی گئی ہو۔ 1 × 5 = 5

**یا**

اپنے بھائی/ بہن کے نام ایک خط لکھئے جس میں انہیں یومِ پیدائش کی مبارک باد دی گئی ہو۔

62. کسی **ایک** عنوان پر جامع مضمون لکھئے : 1 × 5 = 5

(i) جہیز ایک لعنت ہے

(ii) قومی یکجہتی

(iii) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

63. محمد بن موسیٰ خوارزمی علم ریاضی کے زبردست ماہر اور الجبرے کے موجد کی حیثیت سے شہرت پائی۔ ان کی تصنیف ''الجبر والمقابلۃ'' اپنے فن میں بے مثل ہے۔ اس کے بعد بہت سی کتابیں اس فن میں لکھی گئیں لیکن اصل مسائل میں اس سے زیادہ ترقی نہ کر سکے۔ خوارزمی کی کتاب ''علم الحساب'' علم ریاضی پر دنیا میں پہلی تصنیف تھی۔ یہ کتاب چودھویں صدی میں یوروپ پہنچی تو اہل یوروپ نے اسے سر آنکھوں سے لگایا۔ یوروپ میں ''رومن ہندسے'' رائج تھے جو بالکل نامکمل اور غلط اصولوں پر قائم تھے۔ یوروپ والوں نے خوارزمی کے ایجاد کردہ ''عربی ہندسوں'' کو فوراً قبول کرلیا۔

سوالات :

(i) محمد بن موسیٰ خوارزمی نے کس حیثیت سے شہرت پائی ؟

(ii) خوارزمی نے علمِ ریاضی پر کونسی کتاب لکھی ؟

(iii) یوروپ والوں نے عربی ہندسوں کو کیوں قبول کرلیا ؟

(iv) عربی ہندسوں کو کس نے ایجاد کیا ؟